نماز عید الفطر کا طریقہ اور مختصر خطبہ

لاک ڈاؤن کی وجہ سے نماز عید کی مختصر مختصر جماعتیں بہت ہوں گی اور ان میں سے بہت سی جماعتوں میں کوئی عالم یا حافظ بھی نہ ہوگا، ایسی صورت میں ۲/ چیزوں کی طرف رہنمائی کی درخواست ہے:

(۱): نماز عید کا طریقہ تحریر کر دیا جائے۔

(۲): عید الفطر کے ایک، دو مختصر خطبے تحریر کر دئے جائیں؛ تاکہ کم پڑھے لکھے لوگ انھیں یاد کر کے یا دیکھ کر خطبہ دے سکیں۔

المستفتی:
(حافظ) عبد العلی
لوہرسن، سنت کبیر نگر، یوپی

فتوی: 792-120T/N=9/1441

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب وباللہ التوفیق:۔(۱): نماز عید کی دو رکعت کا طریقہ تقریباً وہی ہے، جو نماز فجر کا ہے؛ البتہ نماز عید میں نماز عید کی نیت کی جائے گی اور پہلی رکعت میں ثنا کے بعد اور قراءت سے پہلے اور دوسری رکعت میں قراءت کے بعد اور رکوع سے پہلے تین، تین تکبیرات زوائد کہی جائیں گی۔

اور پورا طریقہ نماز اس طرح ہوگا کہ تکبیر تحریمہ سے پہلے نیت کی جائے، جس کے لیے دل میں یہ ارادہ واستحضار کافی ہے کہ وہ قبلہ کی طرف رخ کر کے امام کی اقتدا میں نماز عید ادا کرنے جا رہا ہے۔ اور اگر امام ہو تو اس کے لیے امامت کی نیت افضل ہے۔ اور اگر کوئی شخص مزید استحضار وپختگی کے لیے نیت کے الفاظ زبان سے بھی کہہ لے تو اس میں کچھ حرج نہیں۔ اس کے بعد تکبیر تحریمہ کہہ کر ہاتھ باندھ لیے جائیں، پھر ثنا پڑھی جائے، اس کے بعد دونوں ہاتھ کانوں کی لو تک اٹھا کر معمولی فصل کے ساتھ تین زائد تکبیریں کہی جائیں، پہلی اور دوسری تکبیر میں ہاتھ اٹھا کر چھوڑ دئے جائیں اور تیسری تکبیر کہہ کر ہاتھ (ناف کے نیچے) باندھ لیے جائیں، اس کے بعد امام قراءت کرے گا اور حسب معمول رکعت مکمل ہوگی۔ پھر دوسری رکعت میں قراءت کے بعد اور رکوع سے پہلے تین زائد تکبیریں کہی جائیں اور ہر تکبیر میں ہاتھ اٹھا کر چھوڑ دئے جائیں اور چوتھی تکبیر رکوع کے لیے کہی جائے اور دیگر نمازوں کی طرح بقیہ نماز مکمل کی جائے۔ سلام کے بعد دعا ہوگی، اس کے بعد امام خطبہ پڑھے گا، اس وقت سب حاضرین موجود رہیں اور توجہ کے ساتھ خطبہ سنیں۔ اور نماز عید کے بعد لوگوں میں جو مصافحہ ومعانقہ کا رواج ہے، وہ صحیح نہیں؛ لہٰذا اس سے پرہیز کیا جائے۔

(۲): نمازِ عید کے ۲ مختصر خطبے حسب ذیل ہیں، لوگ اپنی اپنی سہولت کے حساب سے جو خطبہ چاہیں، پڑھ سکتے ہیں:

عید الفطر کا خطبہ

(۱)

پہلا خطبہ:

اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ ● اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْمُنْعِمِ الْمُحْسِنِ الدَّيَّانِ، ذِی الْفَضْلِ وَالْجُوْدِ وَالامْتِنَانِ ● اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ● وَنَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، وَنَشْهَدُ أَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّداً عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ ● اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ● اَمَّا بَعْدُ فَاعْلَمُوْا أَنَّ يَوْمَكُمْ هٰذَا يَوْمُ عِيْدٍ، لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ فِيْهِ عَوَائِدُ الإِحْسَانِ، وَرَجَاءُ نَيْلِ الدَّرَجَاتِ وَالْعَفْوِ وَالْغُفْرَانِ ● اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ● وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِكُلِّ قَوْمٍ عِيْداً، وَهٰذَا عِيْدُنَا ● اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ● وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ: فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَكَاةَ الْفِطْرِ طُهْرَةً لِّلصِّيَامِ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ، وَطُعْمَةً لِّلْمَسَاكِيْنِ ● اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ● أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى، وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى.

دوسرا خطبہ:

اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ ● اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ، وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ أَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ أَعْمَالِنَا، مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ، وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِیَ لَهٗ ● اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ● وَنَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، وَنَشْهَدُ أَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّداً عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ ● اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ● أَمَّا بَعْدُ فَقَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ، يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْماً، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّأَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ ● اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ● وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرْحَمُ أُمَّتِيْ بِأُمَّتِيْ أَبُوْبَكْرٍ، وَأَشَدُّهُمْ فِيْ أَمْرِ اللّٰهِ عُمَرُ، وَأَصْدَقُهُمْ حَيَاءً عُثْمَانُ، وَأَقْضَاهُمْ عَلِيٌّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَعَنْ جَمِيْعِ الصَّحَابَةِ أَجْمَعِيْنَ ● اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ● أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالإِحْسَانِ وَإِيْتَآئِ ذِی الْقُرْبٰى، وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ، يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ، فَاذْكُرُوْنِيْ أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْلِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ.

(۲)

پہلا خطبہ:

اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ ● اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْأَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ، مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ ● اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ● اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِكُلِّ قَوْمٍ عِيْداً، وَهٰذَا عِيْدُنَا ● اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ● وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ: فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَكَاةَ الْفِطْرِ طُهْرَةً لِّلصِّيَامِ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ، وَطُعْمَةً لِّلْمَسَاكِيْنِ ● اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ● أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى، وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى.

دوسرا خطبہ:

اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ ● اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدَانَا اِلٰى دِيْنِ الْاِسْلَامِ ● اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ● وَنَشْهَدُ أَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّداً عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ● اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ● أَمَّا بَعْدُ فَقَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّأَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ ● اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ● اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَإِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى، وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ، يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ، فَاذْكُرُوْنِيْ أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْلِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ.

اور جن حضرات کے لیے یہ خطبے بھی مشکل ہوں تو وہ پہلے خطبے میں سورہ فاتحہ اور دوسرے میں التحیات یا درودِ ابراہیمی (نماز والا درود شریف) پڑھ لیں، اس سے بھی خطبہ ادا ہوجائے گا؛ البتہ اگر پہلے خطبہ کے شروع میں ۹/ مرتبہ اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اَللّٰهُ أَكْبَرُ اور دوسرے خطبے کے شروع میں سات مرتبہ اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اَللّٰهُ أَكْبَرُ اور دونوں خطبوں میں درمیان، درمیان تکبیر تشریق (اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ) کہہ لیں تو بہتر ہے۔ اور اگر نہ کہہ سکیں تو کچھ گناہ نہیں۔ ــــــــــــــــ فقط و اللّٰہ تعالی أعلم

محمد نعمان سیتاپوری غفرلہ

۱۴۴۱/۹/۲۶ھ=۲۰۲۰/۵/۲۰ء، چہار شنبہ

الجواب صحیح: حبیب الرحمٰن عفا اللہ عنہ، محمود حسن غفرلہ بلند شہری

مفتیانِ دارالافتاء، دارالعلوم دیوبند

۱۴۴۱/۹/۲۷ھ